بسم اللہ الرحمن الرحیم

گندم کے بھوسے پر عشر ہوگا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ یہ تو معلوم ہے کہ گندم پر عشر لازم ہوتا ہے۔ پوچھنا یہ ہے کہ گندم کے بھوسے پر عشر لازم ہے یا نہیں؟

جواب

قوانین شرعیہ کے مطابق جس چیز سے زمین کے منافع حاصل کرنا مقصود ہو، اس پر عشر لازم ہوتا ہے اور جس چیز سے زمین کے منافع حاصل کرنا مقصود نہ ہو، اس پر عشر لازم نہیں ہوتا۔ گندم کی فصل میں چونکہ گندم مقصود ہوتی ہے، اس کا بھوسہ مقصود نہیں ہوتا، لہذا گندم کے بھوسے پر عشر لازم نہیں ہے۔

بحر الرائق میں ہے: "كل ما لا يقصد به استغلال الارض لا يجب فيه العشر مثل السعف والتبن "ہر وہ چیز جس سے زمین کے منافع حاصل کرنا مقصود نہ ہو، اس میں عشر واجب نہیں جیسے کھجور کے پتے اور بھوسہ۔ (بحر الرائق، ج 02، ص 415، مطبوعہ کوئٹہ)

تنویر الابصار و درمختار میں ہے: "(الا في) ما لا يقصد به استغلال الارض (نحو حطب وحشيش) وتبن وسعف۔ ملخصا" مگروہ چیزیں کہ جن سے زمین کے منافع حاصل کرنا مقصود نہ ہو (اس میں عشر واجب نہیں) جیسے لکڑی، گھاس، بھوسہ اور کھجور کے پتے۔ (تنویر الابصار و درمختار مع رد المحتار، ج 03، ص 315، مطبوعہ کوئٹہ)

بہار شریعت میں ہے: "جو چیزیں ایسی ہوں کہ اُن کی پیداوار سے زمین کے منافع حاصل کرنا مقصود نہ ہو اُن میں عشر نہیں۔ ملتقطا" (بہار شریعت، ج 01، ص 917، مطبوعہ مکتبۃ المدینہ کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا سرفراز عطاری مدنی

مصدق: مفتی فضیل رضا عطاری

فتوی نمبر: Mul-1353

تاریخ اجراء: 24 شوال المکرم 1446ھ/23 اپریل 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net